

ابتدائی خواندگی کی جانچ

والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کیلئے معلومات

BRITISH COLUMBIA

Ministry of Education and Child Care

ابتدائی خواندگی کی اسکریننگ کیا ہے؟

ابتدائی خواندگی کی جانچ (Early literacy screening) ایک مختصر جائزہ ہے جو اساتذہ کو یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ آپ کا بچہ پڑھنے کی ابتدائی مہارتیں—جو کہ خواندگی کے فروغ کا ایک اہم حصہ ہیں—کس طرح سیکھ رہا ہے۔ یہ کوئی طبّی تشخیص یا تعلیمی جانچ (academic assessment) نہیں ہے۔

اس میں حروف کی پہچان، آوازوں کا شعور اور الفاظ سیکھنے جیسی مہارتوں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

ابتدائی خواندگی کی سکریننگ کی تدابیر درج ذیل ہیں:

- مختصر اور استعمال میں آسان
- تحقیق اور طلبہ کے اعداد و شمار کا استعمال کرتے ہوئے تیار کیے گئے ہیں
- کلاس روم کے اساتذہ کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں
- اسے اس طرح ڈیزائن کیے گئے ہے کہ بچوں کو مطالعے کے سلسلے میں درست ڈگر پر رہنے میں مدد ملے۔

ابتدائی خواندگی کی جانچ (اسکریننگ) اس بات کی ایک جھلک فراہم کرتی ہے کہ آپ کا بچہ اپنے پڑھنے کے سفر میں کس مقام پر ہے۔



ابتدائی خواندگی کی اسکریننگ میرے بچے کی کس طرح مدد کرتی ہے؟

ابتدائی خواندگی کی جانچ اساتذہ کو ہر بچے کی پڑھنے کی مہارتوں اور سیکھنے کی ضروریات کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔

اسکریننگ اساتذہ کی اس طرح مدد کرتی ہے:

- ایسے طلباء کی نشاندہی کریں جنہیں اضافی مطالعہ کی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے
- پوری کلاس، چھوٹے گروہوں، یا انفرادی طلبا کیلئے پڑھنے کی تدریس کی منصوبہ بندی کریں۔
- وقت کے ساتھ ساتھ طلبہ کی پڑھائی میں پیش رفت کا جائزہ لیں
- طلبہ کی سیکھنے کے عمل میں بہتر معاونت کیلئے تدریس میں مناسب تبدیلیاں لائیں

ابتدائی خواندگی کی جانچ (اسکریننگ) پڑھنے سے متعلق مشکلات کی جلد نشاندہی کرنے میں مدد دیتی ہے، تاکہ فوری طور پر معاونت فراہم کی جاسکے۔

اس سے آپ کے بچے کو خواندگی کی مضبوط مہارتیں پیدا کرنے اور مستقبل کی تعلیم کیلئے ایک مستحکم بنیاد مہیا کرنے کا بہترین موقع فراہم ہوتا ہے۔

مزید معلومات اور وسائل کیلئے ملاحظہ کریں:
https://curriculum.gov.bc.ca/literacy-screening

[Urdu]

خواندگی کیا ہے؟

خواندگی، آپ کے بچے کی زبان کو سمجھنے اور مختلف طریقوں سے بات چیت کرنے کی صلاحیت ہے۔

خواندگی میں درج ذیل شامل ہیں:

بولنا اور سننا

ذخیرہ الفاظ میں اضافہ

متن کو پڑھنا اور سمجھنا

خیالات کا تحریری اظہار

کہانیوں اور معلومات کو سمجھنا

خواندگی کی مہارتیں وہ وسائل ہیں جو زندگی بھر کیلئے سیکھنے کے دروازے کھولتے ہیں۔





خواندگی کیوں اہم ہے؟

خواندگی کی مضبوط مہارتیں زندگی بھر کیلئے سیکھنے کے عمل اور فلاح و بہبود میں معاون ہوتی ہیں۔

سیکھنے میں کامیاب ہونا

خواندگی کی مضبوط مہارتیں رکھنے والے بچے درج ذیل کام بہتر طور پر کر سکتے ہیں:

- کلاس روم کے اسباق کو سمجھنا
- نئے مضامین سیکھنا
- بولنے اور لکھنے کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کرنا
- آزادانہ طور پر اسائنمنٹس مکمل کرنا
- اسکول میں مشغول اور متحرک رہنا

صحت اور تندرستی

مضبوط خواندگی کی مہارتیں رکھنے والے بچوں میں درج ذیل بات کا بھی احتمال ہوتا ہے کہ:

- ان کے اعتماد اور عزت نفس میں اضافہ ہو
- وہ صحت اور حفاظت سے متعلق معلومات کو سمجھیں
- وہ خود مختاری اور مسائل حل کرنے کی صلاحیتیں پیدا کریں
- یادداشت، توجہ اور ارتکاز جیسی صلاحیتوں کو مضبوط بنائیں

خواندگی زندگی کے بعد کے مراحل میں لوگوں کی مدد کرتی ہے:

- ملازمتوں کیلئے درخواستیں دینے میں
- نئی مہارتیں سیکھنا جاری رکھنے میں
- دوسروں کے ساتھ سماجی روابط قائم کرنے میں
- اپنی کمیونیٹیز میں بھرپور انداز سے حصہ لینے میں

بچے خواندگی کی مہارتیں کیسے سیکھتے ہیں؟

خواندگی کی نشوونما میں وقت، تدریس اور مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔

بچے:

- مختلف رفتار سے سیکھیں گے
- خواندگی (لکھنے پڑھنے) کے کچھ پہلوؤں کو دوسروں کی نسبت زیادہ آسان پائیں گے
- وقت کے ساتھ ساتھ مہارتیں پیدا کریں گے
- مختلف طریقوں سے پیش رفت ظاہر کریں گے

کچھ بچوں کو زیادہ وقت اور مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔

اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ وقت کے ساتھ ساتھ پڑھنے لکھنے کی مضبوط مہارتیں حاصل نہیں کر پائیں گے۔

ابتدائی معاونت بہت اہم ہوتی ہے، اور اسکول مدد کیلئے موجود ہیں!

خواندگی کی نشوونما گھر پر بھی ہو سکتی ہے۔ مل کر پڑھنا ان مہارتوں کو بڑھانے کا بہترین طریقہ ہے۔